SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
August 6, 2021

## ایس ای سی پی نے جولائی میں **1949** نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کیں

اسلام آباد، (6 اگست) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے جولائی کے مہینے میں انیس سو انچاس (**1949**) نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد کمپنیوں کی کل تعداد 147,842 ہو گئی ہے۔ اس ماہ تقریباً ننانوے فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جبکہ 43 فیصد کمپنیوں نے ایک ہی دن میں رجسٹریشن مکمل کی۔ جولائی میں 175 کمپنیاں بیرون ملک سے رجسٹرڈ ہوئیں۔

جولائی میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 66 فیصد کمپنیاں پبلک لمیٹڈ، 31 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں جبکہ بقیہ تین فیصد پبلک ان لسٹڈ کمپنیاں، غیر منافع بخش ادارے اور لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ شامل ہیں۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ کی حد 2.7 ارب روپے ہے۔

جولائی میں سب سے زیادہ کمپنیاں رئیل سٹیٹ اور تعمیرات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 313 ہے۔ تجارت کے شعبے میں میں 279، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 243، خدمات میں 178، ای کامرس میں 117، فوڈ اینڈ بیوریج میں 76، ایجوکیشن میں 63، ٹیکسٹائل میں 57، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ 56، ادویہ سازی میں 52، انجنیئرنگ میں 51، سیاحت میں 40، ہیلتھ کیئر میں 39، کان کنی میں 38 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اسی طرح ٹرانسپورٹ اور مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ 27، لاگنگ (کندہ کشی) اور بجلی کی پیداوار میں 24، آٹو اینڈ الائیڈ اور فیول اینڈ انرجی میں 23 ، کیمیکل میں اور کمیونیکیشن میں 21، کیبلز اینڈ الیکٹرک گڈز 18، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ اور کاسمیٹک اینڈ ٹائلیرٹیز میں 14، پیپر اینڈ بورڈ اور سٹیل اینڈ الائیڈ میں 13، جبکہ بقیہ 85 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں اس ماہ 47 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، برموڈا، چین، ڈنمارک، جرمنی، آئرلینڈ، اٹلی، جنوبی کوریا، کویت، نیدرلینڈ، عمان، فلپائن، قطر، روس، سری لنکا، تھائی لینڈ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔

---

سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہوئی جن کی تعداد 645 ہے اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 634 اور 294 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں ۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور ، ملتان ، فیصل آباد ، گلگت بلتستان ، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 120,96,75,57,22 اور 6 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

## ٹکرز/ایس ای سی پی

جولائی میں ایس ای سی پی میں **1949** نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں

کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 147,842 ہو گئی ہے: ایس ای سی پی

99 فیصد کمپنیوں نے آن لائن رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

175 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں: ایس ای سی پی

رئیل سٹیٹ اور تعمیرات میں 313، تجارت کے شعبے میں 279 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں: ایس ای سی پی

47 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی: ایس ای سی پی